سوال

(275)نکاح کے بعد ولی کی رضا کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص مسافرت کو گیا ہے اور اس کی لڑکی کا نکاح جو نابالغ ہے ، بھائی نے بلا اذن اس کے کر دیا ہے اور جب وہ باہر سے آیا تو اس کے بھائی نے اس کی لڑکی کا جو نکاح کر دیا تھا، اس کو سن کر راضی ہے ، تو یہ نکاح جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ صورت نکاح جائز ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح ، صفحہ: 481

محدث فتویٰ